ویزا (Visum)

ویزا ایک ایسا اجازت نامہ ہے جو آپ کو 90 دن تک کے محدود عرصہ کے لئے ناروے اور دیگر شینگن ممالک میں داخل ہونے کا حق عطا کرتا ہے۔

اگرآپ بطور سیاح، رشتے داروں سے ملاقات کے لئے، کسی سرکاری، کاروباری یا تعلیمی دورہ پر یا کسی دیگر ایسے مقصد کے لئے ناروے آنا چاہیں جس کے لئے کام یا اقامت کے اجازت نامہ کی ضرورت نہ ہو تو پھر آپ کو ملاقاتی ویزا مل سکتا ہے۔

ناروے اور دیگر شینگن ممالک کے لئے جاری کیا گیا ویزا زیادہ سے زیادہ 90 دن کے لئے کارآمد ہوتا ہے۔ اصولی طور پر شینگن ممالک میں داخل ہونے کے بعد اس ویزا کی مدت میں توسیع نہیں کی جاتی۔ اس اصول سے استثناء اس صورت میں دیا جا سکتا ہے جب آپ کو شینگن ممالک میں داخلہ کے بعد کوئی غیر متوقع صورت حال پیش آ جائے اور آپ کا اصل ویزا 90 دن سے کم عرصہ کے لئے جاری کیا گیا ہو۔ ایسے حالات میں بھی شینگن ممالک میں آپ کے قیام کا مجموعی عرصہ پچھلے چھ ماہ کی مدت میں 90 دن سے زائد نہیں ہو سکتا۔ ناروے سے حاصل کیا گیا ویزا ان تمام یورپی ممالک کے لئے کارآمد ہو گا جو شینگن ممالک کے زمرے میں آتے ہیں۔

ناروے آنے کے لئے ویزا حاصل کرنے کی پابندی کن افراد پر عائد ہوتی ہے؟

اصولی طور پرتمام افراد جو ناروں میں ملاقات کے لئے آنا چاہتے ہوں انہیں ویزا درکار ہو گا۔ اس سے استثناء ایسے ممالک کے شہریوں کے لئے ہے جن ممالک نے ناروے کے ساتھ ویزا سے مستثنگی کا معاہدہ کر رکھا ہے۔ جن لوگوں کو ویزا لینے کی ضرورت ہے، ان کے بارے میں آپ www.udi.no پر پڑھ سکتے ہیں یا قریبی نارویجن سفارت خانہ سے رابطہ کر کے معلومات حاصل کریں۔

دیگر افراد کے علاوہ مندرجہ ذیل افراد کو ویزا سے استثناء دیا جا سکتا ہے:

• نارڈک ممالک کے شہری
• وہ غیر ملکی جن کے پاس ایسے ممالک کا کارآمد پاسپورٹ ہو جن کے ساتھ ناروے نے ویزا سے چھوٹ کا معاہدہ کر رکھا ہے
• کارآمد نارویجن پاسپورٹ برائے تارکین وطن کے حامل افراد
• کارآمد نارویجن سفری دستاویز برائے مہاجرین کے حامل افراد
• ناروے اور دیگر شینگن ممالک میں اقامت/کام کے پرمٹ کے حامل افراد

ناروے کے ویزا کے لئے میں کہاں درخواست دوں؟

ویزا کی درخواست آپ بذات خود اپنے قریبی نارویجن سفارت خانہ میں دیں گے۔ ویزا کی بیشتر درخواستوں پر سفارتخانے میں ہی کاروائی ہوتی ہے۔ کچھ صورتوں میں درخواست کو ناروے بھیج دیا جاتا ہے اور اس پر ڈائریکٹوریٹ برائے امور تارکین وطن میں کاروائی ہوتی ہے ۔

فیس:

فیس ویزا کی درخواست جمع کرواتے وقت ادا کی جاتی ہے۔ فیس کی موجودہ شرح www.udi.no/gebyr سے یا اپنے قریبی نارویجن سفارتخانے سے رابطہ کر کے معلوم کی جا سکتی ہے۔

ویزا کی درخواست پر کاروائی میں کتنا عرصہ لگتا ہے؟

اگر آپ کی درخواست پر سفارتخانے میں کاروائی ہو تو آپ کو بالعموم دو ہفتے میں اپنی درخواست کا جواب مل جاتا ہے۔ وقت کا انحصار متعلقہ سفارتخانہ میں مصروفیت کی صورتحال پر ہے۔ آپ جہاں درخواست دے رہے ہیں، وہاں سے کاروائی میں لگنے والے وقت کے بارے میں پوچھ لیں۔ اگر آپ کی درخواست ناروے میں ڈائریکٹوریٹ برائے امور تارکین وطن (UDI) کو بھیج دی گئ تو کاروائی میں زیادہ وقت لگے گا۔ درخواستوں پر کاروائی میں لگنے والے عرصہ کے متعلق یہاں پڑھیں۔
www.udi.no/saksbehandlingstider

مطلوبہ دستاویزات:

• درخواست فارم
• ایسی تصویر جو ویزا کے سٹکر کے لئے منظور شدہ ہو۔ تصویر کے متعلق شرائط www.udi.no پر پڑھیں۔
• پاسپورٹ/کارآمد سفری دستاویز
• ناروے میں جو شخص آپ کا حوالہ بن رہا ہے، اس کی طرف سے تحریری دعوت
• رشتے داری کا ثبوت (اگر دعوت دہندہ آپ کا رشتہ دار ہو)
• قیام اور طعام کے لئے مالی وسائل کے متعلق ثبوت یا دعوت دہندہ کی طرف سے گارنٹی۔ UDI کے انٹرنیٹ صفحات دیکھیں۔

• دستاویزات کا تقاضا مختلف ممالک کے درخواست دہندگان کے لئے مختلف ہوتا ہے اور اس میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔ یورپین مالیاتی زون (EØS) یا یورپین مشترکہ مالی منڈی (EFTA) کے معاہدوں کے زمرے میں انے والے جو غیر ملکی ویزا حاصل کرنے کے پابند ہیں، ان کیلئے علیحدہ قوانین ہیں۔

اگر آپ کو ویزا مل جائے تو:

آپ کے پاس سفر اور بیماری کی ایسی کارآمد انشورنش ہونی چاہیئے جو تمام شینگن ممالک میں استعمال ہو سکتی ہو اور اس کے بیمہ کی رقم کم از کم 30 000 یورو ہو۔ ویزا لگوانے کے وقت آپ کو انشورنس کی بابت دستاویزات پیش کرنی ہوں گی۔

مزید معلومات کے لئے اپنے قریبی نارویجن سفارتخانے سے رابطہ کریں۔ اگر آپ ناروے میں ہیں تو پولیس یا ڈائریکٹوریٹ برائے امور تارکین وطن (UDI) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ ناروے میں پڑھنا،کام کرنا یا اپنے شریک حیات/ کنبے کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو آپ کو اقامت یا کام کے اجازت نامہ کی درخواست دینی ہو گی۔ www.udi.no پر مزید تفصیل پڑھیں۔

UDI
Norwegian Directorate of Immigration

عام سوالات

جب میں اقامت/کام کے اجازت نامہ کی درخواست دوں تو کیا مجھے ویزا کے لئے بھی درخواست دینی ہوگی؟

اگر آپ نے ناروے میں آباد ہونے کے لئے آنا ہو تو آپ کو ناروے/ شینگن ممالک کا ویزا نہیں مل سکتا۔ کچھ درخواست گزاروں کو ان کی اقامت یا کام کے پرمٹ کی درخواست کا فیصلہ ہونے سے پہلے ہی ملک میں داخل ہونے کا ویزا (D-visum) مل سکتا ہے۔ یہ اس صورت میں ہوتا ہے جب آپ ناروے میں مستقل قیام کا ارادہ رکھتے ہوں اور آپ اقامت/کام کا پرمٹ حاصل کرنے کی مطلوبہ شرائط پوری کرتے ہوں۔ مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے اپنے نزدیکی نارویجن سفارتخانہ سے رابطہ کریں یا UDI کے انٹرنیٹ صفحات کا مطالعہ کریں۔

اگر میں نے ناروے میں شادی کرنی ہو تو پھر کس طرح درخواست دینی ہو گی؟

اگر آپ کا مقصد ناروے میں شادی کر کے قیام پذیر ہونے کا ہو تو پھر آپ شادی کے لئے مخصوص چھ ماہ تک کے اقامتی پرمٹ کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ اقامتی پرمٹ کے لئے درخواست آپ کو اپنے ملک میں موجود نارویجن سفارتخانے یا اس ملک سے دینی ہو گی جس میں آپ گذشتہ چھ ماہ سے رہائشی پرمٹ کے ساتھ مقیم ہیں۔ اگر آپ کا مقصد اپنے محبوب کو ملنا اور مل کر واپس لوٹ جانا ہو تو پھر آپ 90 دن کے لئے کارآمد ملاقاتی ویزا کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

ویزا حاصل کرنے کے لئے مجھے کیا درکار ہو گا؟

ناروے میں داخل ہونے کے لئے آپ کے پاس کارآمد پاسپورٹ ہونا لازمی ہے۔ جس مدت کے لئے ویزا دیا جا رہا ہو پاسپورٹ اس کے بعد کم از کم 90 دن کے اضافی عرصے کے لئے کارآمد ہونا چاہیئے۔ سفر اور ناروے میں قیام کے اخراجات کے لئے آپ کے پاس کافی رقم ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ کے پاس مالی وسائل نہ ہوں تو ویزا ہونے کے باوجود آپ کو سرحد پر روکا جا سکتا ہے۔ کچھ صورتوں میں آپ کے میزبان کی جانب سے آپ کے قیام اور واپس جانے کی مالی گارنٹی کافی سمجھی جاتی ہے۔ گارنٹی کا یہ فارم ناروے میں اس شخص کو پر کرنا ہوتا ہے جو آپ سے ملاقات کا خواہاں ہے (یہ شخص آپ کا حوالہ کہلاتا ہے) اور اس گارنٹی پر پولیس کی مہر لگوانی ہوتی ہے۔ یہ گارنٹی فارم سفارتخانے سے یا UDI کے انٹرنیٹ صفحات سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ گارنٹی فارم ویزا کی درخواست کے ساتھ جمع کروائیں۔

یہ ضروری ہے کہ ناروے سے واپسی پر آپ کو اپنے وطن میں یا آپ جس ملک کا اقامتی پرمٹ رکھتے ہیں، وہاں داخلے کی اجازت ہو۔

یہ ضروری ہے کہ ویزا کی مدت ختم ہونے پر آپ ناروے سے رخصت ہونے کا ارادہ رکھتے ہوں۔ اگر کسی وجہ سے نارویجن حکام یہ سمجھیں کہ آپ ناروے میں ویزا کی مدت سے زیادہ قیام کریں گے تو آپ کی درخواست مسترد کی جا سکتی ہے۔

یہ ضروری ہے کہ آپ کا نام شینگن ممالک کے مشترکہ اطلاعاتی نظام (SIS) میں کسی بھی شینگن ملک کیلئے ناپسندیدہ فرد کے طور پر درج نہ ہو۔

کیا یہ ضروری ہے کہ میں اسی ملک میں داخل ہوں جس کے ویزا کے لئے درخواست کی جا رہی ہے؟

نہیں۔ ویزا ملنے کے بعد آپ شینگن علاقے کے کسی بھی ملک میں جا سکتے ہیں۔ لیکن اگر آپ کا ارادہ بیشتر عرصہ ناروے کی بجائے کسی اور ملک میں گزارنے کا ہے تو پھر آپ پر لازم ہے کہ آپ اس ملک کے سفارتخانے کو ویزا کی درخواست دیں۔

دیگر شینگن ممالک کا سفر کرنے کے لئے کیا مجھے مزید ویزے حاصل کرنے ہوں گے؟

نہیں۔ ناروے کی جانب سے آپ کو دیا گیا ویزا تمام شینگن ممالک کے لئے کارآمد ہو گا۔

اگر میں زیادہ ممالک میں جانا چاہوں تو کیا مجھے تین ماہ سے زیادہ مدت کا ویزا مل سکتا ہے؟

نہیں۔ آپ کو 90 دن یا اس سے کم مدت کے لئے ویزا دیا جا سکتا ہے اور ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آپ کو شینگن ممالک سے نکلنا ہو گا۔ اگر آپ ویزا کی میعاد ختم ہونے پر باہر نہیں نکلتے تو یہ امر مستقبل میں آپ کے شینگن ممالک میں داخلے پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔

اگر میری درخواست مسترد کر دی جائے تو کیا میں فیصلے کے خلاف اپیل کر سکتا ہوں؟

جی ہاں۔ اگر آپ سفارتخانے کے فیصلے کے خلاف اپیل کرتے ہیں تو آپ کی اپیل کو بغرض کاروائی UDI کو بھیج دیا جاتا ہے۔ اگر آپ UDI کے درخواست نامنظور کرنے پر اپیل کرتے ہیں تو آپ کا کیس غیر ملکیوں کی اپیلوں کی سماعت کرنے والے بورڈ (UNE) کے پاس بھیج دیا جاتا ہے۔ اپیل کیلئے کوئی فیس نہیں ۔

کیا آپ ناروے کے ویزا کے متعلق مزید جاننا چاہتے ہیں؟

اگر آپ ویزا کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ اپنے قریبی نارویجن سفارتخانے سے رابطہ کریں۔ اگر آپ ناروے میں ہیں تو UDI کی معلوماتی سروس برائے درخواست دہندگان سے فون نمبر 23 35 16 00 پر یا بذریعہ ای میل ots@udi.no پر رابطہ کریں۔ نارویجن، انگریزی اور دوسری زبانوں میں جواب دیا جاتا ہے۔

The Norwegian Directorate of Immigration
P.O Box 8108 Dep.
N-0032 Oslo
Office address: Hausmannsgate 21
Phone: +47 23 35 15 00
Fax: +47 23 35 15 15
www.udi.no
E-mail: udi@udi.no
Sist oppdatert: 27.02.2007